PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# 26 کھلاڑیوں نے نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر میں ٹریننگ کا آغاز کردیا

**لاہور، 7 جون 2021ء:**

بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرنے اور ڈومیسٹک کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 26 کھلاڑیوں نے نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر لاہور میں 7 جون بروز پیر سے ٹریننگ کا آغاز کردیا ہے۔

کیمپ کی نگرانی ثقلین مشتاق کررہے ہیں جبکہ این ایچ پی سی کے کوچز محمد یوسف اور عمر رشید کے علاوہ قومی کرکٹ ٹیم اور پاکستان شاہینز کرکٹ ٹیم کی منیجمنٹ بھی اس کیمپ میں شریک کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں مصروف ہے۔

ان کوچز میں مصباح الحق (ہیڈ کوچ قومی کرکٹ ٹیم)، عبدالمجید (فیلڈنگ کوچ قومی کرکٹ ٹیم)، اعجاز احمد (ہیڈ کوچ پاکستان شاہینز کرکٹ ٹیم)، راؤ افتخار انجم (باؤلنگ کوچ پاکستان شاہینز کرکٹ ٹیم) اور مہتشم رشید (فیلڈنگ کوچ پاکستان شاہینز کرکٹ ٹیم) شامل ہیں۔

اس کیمپ میں ان کھلاڑیوں کو طلب کیا گیا ہے جو ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے بقیہ میچز میں حصہ نہیں لے رہے تاکہ ان کی ذہنی اور جسمانی پختگی کے ساتھ ساتھ ان کے تکنیکی پہلوؤں پر بھی کام کیا جاسکے۔

کیمپ کے پہلے روز کھلاڑیوں نے دو گروپس ریڈ اور وائیٹ بال کی صورت میں ٹریننگ کی۔ ریڈ بال کرکٹرز نے صبح نیٹ سیشن جبکہ شام میں فٹنس اور فیلڈنگ پریکٹس کی۔ اسی طرح وائیٹ بال کرکٹرز نے دن میں فیلڈنگ اور جم سیشن کیا جبکہ شام میں نیٹ سیشن کیا۔

## ثقلین مشتاق، سربراہ انٹرنیشنل پلیئرز ڈویلپمنٹ:

ثقلین مشتاق کا کہنا ہے کہ کیمپ میں شریک تمام کھلاڑی باصلاحیت اوران کا مستقبل روشن ہیں، ہم ان تمام کھلاڑیوں کو بہترین سہولیات فراہم کررہے ہیں تاکہ وہ اپنے کھیل میں بہتری لاسکیں۔

انہوں نے کہا کہ کوچز کیمپ میں شریک تمام کھلاڑیوں کو علم منتقل کرنا چاہتے ہیں، ان کھلاڑیوں کی خوش قسمتی ہے کہ انہیں یہاں مصباح الحق، اعجاز احمد، محمد یوسف اور دیگر معروف کوچز کی رہنمائی حاصل ہے۔

## محمد یوسف، بیٹنگ کوچ این ایچ پی سی:

محمد یوسف کا کہنا ہے کہ ہر کھلاڑی کو فائن ٹیوننگ کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی ہمارا کام ہے، یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان کھلاڑیوں میں تکنیکی خامیاں ہیں مگر ہر کھلاڑی کو تھوڑی بہت ایڈ جسٹمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے جو فراہم کرنے کی کوشش کریں گے۔

انہوں نے کہا کہ ان کھلاڑیوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، یہ کیمپ ان کھلاڑیوں کے لیے بین الاقوامی کرکٹ کی تیاری کا بہترین پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔

## نعمان علی، ٹیسٹ اسپنر:

نعمان علی کا کہنا ہے کہ اس کیمپ کی بہت اہمیت ہے، یہاں ہمیں ٹریننگ کے لیے بہترین سہولیات میسر ہیں، کوروناوائرس کی عالمی وباء کے باعث متعدد مقامات پر گراؤنڈز اب بھی بند ہیں، کوشش ہے کہ ہم یہاں معروف کوچز کی موجودگی کا فائدہ اٹھاکر زیادہ سے زیادہ سیکھنے کی کوشش کریں۔

## محمد عباس، ٹیسٹ فاسٹ باؤلر:

محمد عباس کا کہنا ہے کہ ان سمیت وہ تمام کرکٹرز جو ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے بقیہ میچز میں حصہ نہیں لے رہے ہیں یہ کیمپ ان تمام کھلاڑیوں کے لیے اپنی صلاحیتیں نکھارنے کا ایک بہترین موقع ہے۔

انہوں نے کہا کہ نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر جیسی سہولیات ملک بھر میں موجود نہیں ہیں، لہٰذا ملک بھر سے کھلاڑیوں کو تربیت فراہم کرنے کے لیے یہاں اکٹھا کرنا پی سی بی کا ایک خوش آئند عمل ہے۔

**کیمپ میں طلب کردہ کھلاڑی:**

عبداللہ شفیق (سینٹرل پنجاب)، اطہر محمود (ناردرن)، فیصل اکرم (سدرن پنجاب)، حارث سہیل (بلوچستان)، عمران بٹ (بلوچستان)، عرفان اللہ شاہ (خیبرپختونخوا)، اسراراللہ (خیبرپختونخوا)، کامران غلام (خیبرپختونخوا)، میر حمزہ (سندھ)، محمد عباس (سدرن پنجاب)، محمد طحہٰ (سندھ)، مبصر خان (ناردرن)، مختار احمد (ناردرن)، منیر ریاض (ناردرن)، نعمان علی (ناردرن)، عمیر بن یوسف (سندھ)، صاحبزادہ فرحان (خیبرپختونخوا)، ساجد خان (خیبرپختونخوا)، سلمان ارشاد (ناردرن)، سعود شکیل (سندھ)، تاج ولی (بلوچستان)، عمر خان (سدرن پنجاب)، عثمان صلاح الدین (سینٹرل پنجاب)، وقار حسین (سدرن پنجاب)، یاسر شاہ (بلوچستان) اور ضیاءالحق (سدرن پنجاب)۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4